Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ شعبان سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت روانگی ملزمان اقوام جرائم پیشہ مابین گورنمنٹ و ریاست۔	۱ و ۲
۲	[illegible] خانہ جات۔	۳
۳	متعلق روانگی نقشہ سامان حرب یعنی اسلحہ کارتوس وغیرہ۔	"
۴	رخصت اسسٹنٹ سرجن صاحب۔	"
۵	تبادلہ گرداوران۔	"
۶	تقرر سید انوار حسین۔	"
۷	رخصت قائم مقام مہتمم خفیہ	"
۸	اخراج نام وکیل درجہ سوم۔	"
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس نگینہ	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب روبکار مورخہ ۲۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء قانون اقوام جرائم پیشہ ریاست رامپور منظور کیا گیا ہے جو روانگی ملزمان اقوام جرائم پیشہ اس طرح گورنمنٹ سے طے ہوئی تھی کہ جو شخص ریاست کے قانون اقوام جرائم پیشہ کا ایسے جرم کا ارتکاب کرے جو بحالت وقوع اندرون برٹش انڈیا بموجب قانون اقوام جرائم پیشہ ۱۸۷۱ء جرم ہو تو ایسے شخص کو ریاست کے حوالہ کردیا جائیگا اور جو شخص گورنمنٹ کے

قانون کے خلاف جرم کریگا تو اسکو گورنمنٹ کے قانون کے مطابق ضلع متعلق کے حوالہ کر دیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر و صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی بابت غرض تعمیل مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

برائے تعمیل بخدمت صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو۔ ایک نقل فائل یک اجلاس میں چسپان ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ محمد رضا خان اہلمد مویشی خانہ جات کی تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار میں بوجہ ملازمت دیرینہ و حسن انجام خدمات پانچ روپیہ کا اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ رخصت یکماہ صاحب اگزیکیٹو انجینیر کی یکم مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے بضرورت کار ذاتی منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

ایک نقشہ سامان حرب یعنی اسلحہ و کارتوس وغیرہ کا جو ریاست میں علاقہ گورنمنٹ سے درآمد ہوتا ہے ہر سال جنوری میں ایجنسی کو بھیجا جاتا ہے جسکے لئے ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ تاریخ آرڈر یعنی جس تاریخ سامان منگانے والے صاحب کسی کارخانہ کو آرڈر بھیجیں اور تاریخ آمد سامان و نیز صحیح تعداد سامان نقشہ میں درج کیجاوے۔ اب تک یہ عمل ہے کہ شروع جنوری میں سامان منگانے والے صاحبان سے یہ امور دریافت کئے جاتے ہیں مگر وجہ کسی باقاعدہ رجسٹر کے نہ ہونے کی صحیح تاریخ نہیں بتلا سکتے ہیں اسلئے نقشہ میں اکثر فرضی تاریخ درج کرنا پڑتی ہیں اور نیز گذشتہ جوابات آنے میں دیر ہو جاتی ہے یہانتک کہ دفتر ایجنسی سے نقشہ کی طلبی میں تاکید آجاتی ہے چونکہ اسکا انتظام ہونا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اسلئے ہدایت کیجاتی ہے کہ آئندہ جو اصحاب بذریعہ لائسنس ایجنسی جو دار الانشاء سے منگا دیا جاتا ہے۔ خواہ بحالت مستثنے ہونے کے براہ راست کسی قسم کا سامان حرب باہر سے منگائیں تو وہ بوقت آمد سامان دفتر دار الانشاء کو تواریخ آرڈر و آمد سامان و تعداد سامان سے فوراً اطلاع دیدیا کریں۔ اس صورت میں بوقت تیاری نقشہ کوئی دقت پیش نہیں آئیگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع جملہ سکریٹری صاحبان و کرنیل صاحب کمانڈنٹ افواج کے پاس مرسل ہو اور لکھا جائے کہ جملہ ماتحتان کو اطلاع دیدیں۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

رخصت ۲ ماہ مطلوبہ ڈاکٹر عبد الحکیم خان صاحب اسسٹنٹ سرجن سپرنڈنٹ جیل بغرض علاج و تبدیل آب و ہوا حسب عرضداشت اجلاس ہذا اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سے منظور فرمائی گئی۔ ایام رخصت میں سپرنڈنٹ صاحب جیل کا کار متعلقہ جیل صاحب انجام دیں گے اور غیر معمولی معاملات میں بذریعہ تحریر سپرنڈنٹ صاحب جیل سے رائے دریافت کر لیا کریں اور ڈاکٹر موجودہ جیل مریضوں کا علاج بدستور کیا کریں گے۔ اور کار متعلقہ شفاخانہ تا ایام رخصت اسسٹنٹ سرجن صاحب ڈاکٹر ... اسسٹنٹ سرجن انجام دینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

باہمی تبادلہ

۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے صاحب مہتمم بندوبست مظہر حسین خان گرداور تحصیل بلاسپور و عنایت حسین خان گرداور تحصیل ملک کا باہمی تبادلہ اپنی اپنی تنخواہ پر منظور ہوا۔

تقرر

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بسلسلہ ترقی قاضی عرفان علی ہیڈ کانسٹبل سید نذر حسین کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبل بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

گیارہ روز کی رخصت قائم مقام منصف ... ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی بعوض کام ... کریں گے۔

اخراج

۲۸ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

سیف الدین احمد خان کا نام بوجہ ... فہرست وکلاء سے خارج کیا گیا۔